# شریعہ بورڈ کی رپورٹ

## برائے سال ۲۰۱۷

## دبئی اسلامک بینک پاکستان لمیٹڈ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد لله ربّ العالمين، والصّلوة والسّلام على خاتم الانبياء والمرسلين، وّعلى آله وأصحابه أجمعين، وبعد

اللہ تعالی کے فضل و کرم سے دبئی اسلامک بینک پاکستان لمیٹڈ (DIBPL) نے کامیابی کے ساتھ ایک اور سال مکمل کیا اور اسلامک بینکنگ اور فائنانس انڈسٹری کی ترقی کے لیے اپنا کردار بخوبی ادا کیا۔

سال کے دوران DIBPL نے کئی اسلامک بینکنگ کی پروڈکٹس تیار کیں اور شریعہ بورڈ ( SB ) کی منظوری سے کئی ٹرانزیکشن پر عمل درآمد کیا گیا۔ شریعہ بورڈ کو بینک کے مختلف شعبوں کی طرف سے سوالات اور مسائل موصول ہوئے اور شریعہ بورڈ نے اس کے جواب میں مناسب شرعی رہنمائی، ہدایات اور گائیڈ لائنز جاری کیں۔

**۱۔ نئی پروڈکٹ ڈیولپمنٹ اور ٹرانزیکشنز کا جائزہ**

شریعہ بورڈ نے تمام پیش کردہ ٹرانزیکشن کی تجاویز کا جائزہ لیا اور ان کی ساخت اور متعلقہ دستاویزات سے متعلق رہنمائی جاری کیں۔ تمام پروڈکٹس، ٹرانزیکشنز اور ان کی دستاویزات شریعہ بورڈ سے باضابطہ منظور کرائی گئیں۔ شریعہ بورڈ نے کئی طرح کی ٹرانزیکشنز کو دوبارہ تشکیل دیا اور انکی دستاویزات پر شرعی مشورہ اور فتویٰ بھی دیا۔


شریعہ بورڈ نے ریزیڈنٹ شریعہ بورڈ ممبر RSBM کے ذریعہ بینک کے بزنس یونٹ کو کئی نئی پروڈکٹس تیار کرنے کے لیے رہنمائی فراہم کی۔ رواں سال شریعہ بورڈ نے کئی نئے اقدامات کی منظوری دی جس کے باعث بینک کو مارکیٹ میں صارفین کی ضروریات کے مطابق شریعہ کمپلائنٹ پروڈکٹس اور خدمات فراہم کرنے کا موقع ملا۔

نئی پالیسیاں اور مینول جو شریعہ بورڈ کے پاس جمع کرائے گئے، ان کی نظرثانی کی گئی، ترمیم کی گئی اور انہیں منظور کیا گیا۔ اسی طرح موجودہ پالیسیاں، پروڈکٹس پروگرام اور بینک کی دستاویزات میں تجویز کردہ تبدیلیوں/ترمیمات کا جائزہ لیا گیا اور شریعہ بورڈ کی جانب سے ان کی منظوری دی گئی۔

**۲۔ فائنانسنگ پورٹ فولیو**

DIBPL شریعہ کمپلائنٹ فائنانسنگ پروڈکٹس کا ایک متنوع پورٹ فولیو رکھتا ہے جو بشمول لیکن محدود نہیں ہے شرکت متناقصہ، رننگ مشارکہ، مرابحہ، استصناع مع وکالہ، شرکت الملک مع اجارہ، وکالۃ الاستثمار، سلم مع وکالہ اور تجارہ مع وکالہ تک۔

ذیل میں دسمبر ۲۰۱۷ء تک بینک کے فائنانسنگ پورٹ فولیو کے طرقہائے تمویل کا خاکہ دیا گیا ہے:




*بنیادی طورپر مشارکہ پورٹ فولیو شرکت الملک مع اجارہ، رننگ مشارکہ اور شرکت متناقصہ پر مبنی ہے۔

**بنیادی طورپر مساومہ پورٹ فولیو پرسنل فائنانس اور کنزیومر ڈیوریبل فائنانس پر مشتمل ہے۔


## ۳۔ٹریننگ اینڈ ڈیولپمنٹ


DIBPL کی شریعہ ٹیم HR ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ مل کر بینک کے ملازمین کی تربیت کے لیے مسلسل سخت محنت کر رہی ہے۔ نتیجہ کے طورپر اس سال پورے پاکستان میں شریعہ سے متعلق ۶۴ تربیتی سیشنز منعقد ہوئے، جو گذشتہ سال ۲۰۱۶ء کے مقابلے میں ایک تسلسل کو ظاہر کرتے ہیں۔

اندرونی اور بیرونی دونوں طرح کے ٹریننگ سیشنز سامعین کی مخصوص معلومات کی ضروریات کو مد نظر رکھ کر ترتیب دیے گئے، مثلاً :

- شریعہ اورینٹیشن سیشن (ریفریشر کورس)
- مخصوص پروڈکٹس کی ٹریننگ فرنٹ اور بیک آفس یونٹس کے لیے
- اسلامی مالیاتی معاہدے
- سیل اسٹاف کے لئے شریعہ ٹریننگ
- ڈی آئی بی سرٹیفائیڈ اسلامک بینکر ٹرینگ پروگرام (چھ روزہ ہمہ گیر پروگرام)

ہم امید کرتے ہیں کہ بینک کے ملازمین کی آگاہی اور کاروبار سے متعلق اسلامی معلومات کو بہتر بنانے کے لیے مزید شریعہ ٹریننگ پروگرامز اور سیشنز متعارف کرائے جائیں گے۔




**۴۔شریعہ آڈٹ اور ریویو**

شریعہ بورڈ تصدیق کرتا ہے کہ اس نے اپنی نگرانی اور رہنمائی میں انٹرنل شریعہ آڈٹ ایکٹوٹی کے ذریعہ ہر نوع کی ٹرانزیکشن کے نمونہ جات کی بنیاد پر جانچ پڑتال کی ہے۔ شریعہ بورڈ نے سال کے دوران بینک کے آپریشنز سے متعلق شریعہ آڈٹ رپورٹس کا جائزہ لیا اور اس سے متعلق احکامات اور بہتری کے لئے تجویزات پیش کیں۔ دوران سال بعض صورتوں میں کچھ مواقع پر ناجائز منافع کو صدقہ کر دیا گیا۔

گذشتہ سال کی شریعہ بورڈ کی آبزرویشن جس میں اس بات کی طرف توجہ دلائی گئی تھی کہ بینک کے اثاثوں کا ایک بڑا حصہ کنوینشنل انشورنس کے ذریعہ کورڈ ہے، اس بارے میں اس سال بہتری دیکھی گئی۔ بہرحال پر زور سفارش کی جاتی ہے کہ بینک کو اپنے اثاثہ جات تکافل کمپنیوں سے کور کروانے چاہئیں یا پھر شریعہ ڈپارٹمنٹ سے اسکی چھوٹ پر واضح منظوری حاصل کرے۔

**۵۔چیریٹی**

بینک کا ایک منظم نظام موجود ہے جو اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ وہ آمدنی جو شرعی اعتبار سے ممنوع ذرائع سے حاصل ہوئی ہو، اسے چیریٹی کر دیا جاتا ہے اور چیریٹی کو درست مصرف میں استعمال کیا جاتا ہے۔ اس سلسلہ میں رواں سال 1.943 ملین روپے چیریٹی قابل ادائیگی اکاؤنٹ میں منتقل کیے گئے۔ مزید برآں 5.3 ملین روپے چیریٹی اکاؤنٹ سے ادا کیے گئے۔ چیریٹی کی ادائیگی کی تفصیلات بینک کی فائنانشل اسٹیٹمنٹ کے نوٹس میں موجود ہے۔

**۶۔شریعت سے متعلق اہم مسائل**

DIBPL کی تمام فائنانسنگ اور سرمایہ کاری کی سرگرمیاں کافی حد تک اس کے شریعہ بورڈ کی طرف سے بیان کردہ اور لاگو کردہ شرعی اصولوں کے مطابق ہیں۔ البتہ کموڈیٹی مرابحہ کے عملی طریقۂ کار میں کچھ بہتری کی گنجائش ہے۔ DIBPL پہلے سے ہی (شریعہ بورڈ کی مشاورت سے) کموڈیٹی مرابحہ کے سلسلہ میں عملی طریقۂ کار کو بہتر بنانے کے لئے اصلاحی اقدامات کر چکا ہے۔

**۷ ۔ خلاصہ و سفارشات**

جیسا کہ بورڈ آف ڈائریکٹرز اور ایگزیکٹو مینجمنٹ مکمل طور پر اس بات کے ذمہ دار ہیں کہ دبئی اسلامی بینک پاکستان لمیٹڈ کے آپریشنز ہمہ وقت شرعی اصولوں کے مطابق انجام دیے جاتے ہیں، ہم سے بینک کے مجموعی شریعہ کمپلائنس ماحول کے بارے میں ایک رپورٹ درکار ہے۔

ہماری رائے کے قیام کے لیے، جیسا کہ اس رپورٹ میں مذکور ہے، بینک کے شریعہ کمپلائنس ڈیپارٹمنٹ نے تمام قسم کی ٹرانزیکشن کے متعلقہ دستاویزات اور طریقۂ کار کا ٹیسٹ کی بنیاد پر جائزہ لیا ہے۔ مزید برآں ہم نے انٹرنل شریعہ آڈٹ کی رپورٹ کا بھی جائزہ لیا ہے۔ مندرجہ بالا کی بنیاد پر ہماری رائے یہ ہے کہ:

أ. بینک شریعہ بورڈ کی طرف سے جاری کردہ گائیڈلائنز، احکامات اور فتاویٰ کی روشنی میں شرعی قوانین اور اصولوں کی پیروی کررہا ہے۔

ب. بینک نے اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے شریعہ بورڈ کے قوانین کے مطابق، اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے جاری کردہ شریعہ کمپلائنس سے متعلق احکامات، ریگولیشنز، ہدایات اور گائیڈلائنز پر عمل کیا ہے۔

ج. بینک کے تمام آپریشنز میں شریعہ کمپلائنس کو یقینی بنانے کے لیے ایک جامع طریقہ کار موجود ہے۔

د. نفع و نقصان کی تقسیم اور پول مینجمنٹ میں بینک نے اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی ہدایات پر عمل کیا ہے۔

ہ. شریعہ بورڈ کو مناسب وسائل فراہم کیے گئے ہیں جس کے ذریعے وہ اپنے فرائض مؤثر طریقے سے انجام دیتا ہے۔

شریعہ بورڈ سفارش کرتا ہے کہ بینک کو چاہیے کہ اسلامک بینکنگ کی معلومات کے فروغ کے لیے اپنے کسٹمرز اور عوام الناس تک آگاہی سیمینارز کے انعقاد کے ذریعے کوشش کو جاری رکھے، اور اس کے ساتھ ساتھ اپنے ملازمین میں خاص طور پر فرنٹ اینڈ اسٹاف میں شریعہ کی موجودہ معلومات کے معیار کو بہتر بنائے۔

ڈاکٹر حسین حامد حسان
چیرمین شریعہ بورڈ
دبئی اسلامک بینک پاکستان

مفتی محمد حسان کلیم
ریزیڈنٹ شریعہ بورڈ ممبر
دبئی اسلامک بینک پاکستان

میاں محمد نذیر
شریعہ بورڈ ممبر
دبئی اسلامک بینک پاکستان